# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 13th May, 2024 at 4.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**2.** **MS. NOSHEEN IFTIKHAR** **MS. ZEB JAFFAR** **MR. AHMAD ATTEEQ ANWER** **MR. AQEEL MALIK** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training to a matter of urgent public importance regarding stoppage of almost twenty school buses meant for pick and drop of students and conversion of these buses into the Pink Bus Project and non-appointment of teachers against vacant posts in Islamabad Capital Territory, causing grave concern amongst the public.

**ORDINANCE TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**3.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice to lay before the National Assembly the Cannabis Control and Regulatory Authority Ordinance, 2024 (No. IV of 2024), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**RESOLUTION**

**4.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice to move the following Resolution:-

"That the National Assembly resolves to extend the Cannabis Control and Regulatory Authority Ordinance, 2024 (No. IV of 2024) for a further period of one hundred and twenty days w.e.f. 14th June, 2024 under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan".

**MOTION UNDER RULE 244(B)**

**5.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs to move a motion under rule 244 (B) of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that a Special Committee on Gender Mainstreaming including members from both the Houses, be constituted. The Special Committee shall make recommendations to the National Assembly on matters pertaining to women empowerment.

The National Assembly Secretariat shall extend its Secretarial and administrative support to the Committee.

## MOTION OF THANKS

**6.** **Discussion** on the following motion moved by **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs on 24th April, 2024:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 18th April, 2024."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**7.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**8.** **MS. ZARTAJ GUL** **MR. JAMSHAID AHMAD**
**MR. SHAHID AHMAD** **MR. MUHAMMAD SHABBIR ALI QURESHI**
**MR. AMJAD ALI KHAN** to invite attention of the Minister-in-Charge for the National Health Services, Regulations and Coordination to a matter of urgent public importance regarding change in policy by the Pakistan Medical and Dental Council regarding accreditation examination for the Doctors who completed their degrees from abroad**,** causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**12th May, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

**برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۱۳/ مئی، ۲۰۲۴ء کو سہ پہر چار بجے منعقد ہو گا۔**

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ نوشین افتخار** **محترمہ زیب جعفر**
**جناب احمد عتیق انور** **جناب عقیل ملک** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو طلباء کو لانے اور لے جانے کے لئے استعمال ہونے والی تقریباً بیس سکول بسوں کی بندش اوران بسوں کو پنک بس پراجیکٹ میں تبدیل کرنے نیز علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں خالی اسامیوں پر اساتذہ کی تقرری نہ کرنے سے متعلق ہے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھا جانے والا آرڈیننس

۳۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق بھنگ کا کنٹرول و انضباطی اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۲۴ء (نمبر ۴ بابت ۲۰۲۴ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## قرارداد

۴۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف درج ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"کہ قومی اسمبلی بھنگ کا کنٹرول و انضباطی اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۲۴ء (نمبر ۴ بابت ۲۰۲۴ء) کی مدت میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (دوم) کے جملہ شرطیہ کے تحت ۱۴/ جون، ۲۰۲۴ء سے مزید ایک سو بیس دن کی توسیع کا فیصلہ کرتی ہے۔"

## تحریک زیر قاعدہ ۲۴۴ (ب)

۵۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور پارلیمانی امور قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۴۴ (ب) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ صنف کو مرکزی دھارے میں شامل کرنے کی بابت خصوصی کمیٹی تشکیل دی جائے جو دونوں ایوانوں کے اراکین پر مشتمل ہو۔ یہ خصوصی کمیٹی خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق معاملات میں قومی اسمبلی کو سفارشات پیش کرے گی۔

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کمیٹی کو سیکرٹریٹ کا اور انتظامی تعاون فراہم کرے گا۔

## تحریک تشکر

۶۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ**، وزیر برائے قانون و انصاف اور پارلیمانی امور کی جانب سے ۲۴/ اپریل، ۲۰۲۴ء کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر بحث:۔

"یہ ایوان ۱۸/ اپریل، ۲۰۲۴ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۷۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۸۔ **محترمہ زرتاج گل** **جناب جمشید احمد**
**جناب شاہد احمد** **جناب محمد شبیر علی قریشی**
**جناب امجد علی خان**

وزیر انچارج برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو بیرون ملک سے ڈگریاں مکمل کرنے والے ڈاکٹروں کے توثیقی امتحان کی بابت پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کی جانب سے پالیسی میں تبدیلی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۲/ مئی، ۲۰۲۴ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**